SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
July 19, 2021

ایس ای سی پی نے کمپنیوں کو ملازمین اور انکے اہل خانہ کی کورونا وائرس سے بچاؤ کی ویکسی نیشن کرانے کی ہدایت کر دی

اسلام آباد (جولائی 19): سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کروانا وائرس کی روک تھام کے حکومتی اقدامات میں معاونت فراہم کرنے کے پیش نظر، ایس ای سی پی سے رجسٹرڈ تمام ایک لاکھ چھیالیس ہزار (146،000) سے زائد کمپنیوں کو ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ اپنے ملازمین اور انکے اہل خانہ کی کرونا وائرس سے بچاو کی ویکسی نیشن کو جلد از جلد یقینی بنائیں۔

اس سلسلے میں ایس ای سی پی نے تمام پبلک لسٹڈ کمپنیوں، پبلک ان لسٹڈ اور پرائیویٹ کمپنیوں، ایسوسی ایشنوں، تجارتی اداروں، ایوان صنعت و تجارت، نان بینک مائیکرو فنانس کمپنیوں، مضاربہ، انشورنس کمپنیوں، نان بینک فنانشل انسٹی ٹیوشنز، سٹاک مارکیٹ بروکروں وغیرہ کو سرکلر جاری کرتے ہوئے ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ اپنے ملازمین، انکے خاندان کے افراد، بزنس کے سپلائرز اور صارفین کی جلد سے جلد ویکسی نیشن کی حوصلہ افزائی کریں اور اس کے لئے اقدامات لیں۔

سرکلر میں کمپنیوں کو آگاہ کیا گیا ہے کہ کرونا وائرس سے بچاو کے لئے حکومت پاکستان کی جانب سے تمام کام کرنے کی جگہوں پر ملازمین کے لئے ویکسی نیشن کو لازمی قرار دے دیا گیا ہے۔ سرکلر میں کہا گیا ہے کہ کورونا کی وبا سے نمٹنے کے لئے ویکسی نیشن ہی واحد قابل عمل طریقہ ہے کیوں کہ ویکسین نہ کروانے والے افراد کا کورونا وائرس میں مبتلا ہونے کا خطرہ زیادہ ہے۔

سرکلر کے مطابق تمام کمپنیوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنے ملازمین اور ان کے اہل خانہ کی ویکسین کی تفصیلات 26 جولائی 2021 تک ایس ای سی پی کو جمع کروائیں۔ اگر کمپنیوں کے ملازمین اور ان کے اہل خانہ نے ابھی تک ویکسی نیشن نہیں کروائی ت کمپنی کی انتظامیہ اپنے ملازمین کی جلد سے جلد ویکسی نیشن کے لئے اقدامات اٹھائے۔ کمپنیاں اس مقصد کے لئے جارپوریٹ سوشل رسپانسبلٹی فنڈز کا استعمال بھی کر سکتی ہیں۔ سرکلر کے مطابق کمپنیاں ملازمین کی ویکسی نیشن کی کمپلائنس کی رپورٹ 31 اگست 2021 تک جمع کروائیں گی۔
ایسی کمپنیوں کے خلاف ریگولیٹری انضباطی کارروائی اختیار کرنے کا جائزہ لیا جائے گا جو کہ حکومتی ہدایات کے مطابق کرونا وائرس سے بچاو کے اقدامات کرنے میں ناکام رہیں گی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005